## سوال

(419) نماز تسبیح کا کیا طریقہ ہے کیا یہ درست ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز تسبیح کا کیا طریقہ ہے کیا یہ درست ہے؟ (محمد شکیل، فورٹ عباس)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تسبیح چار رکعات ہیں۔ قیام، فاتحہ اور دیگر قراءت کے بعد پندرہ تسبیحات، باقی ہر جگہ معروف وظیفہ کے بعد دس دس تسبیحات ہیں۔ ایک رکعت میں ۷۵ اور چار رکعات میں ۳۰۰ تسبیحات ہیں۔ تسبیح یہ ہے:

((سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ)) 1 یہ درست ہے۔

۱۲ ۱۰ ۱۴۲۱ھ

1 ابوداود ابواب التطوع باب صلاة التسبیح، ابن ماجۃ اقامۃ الصلاۃ باب ماجاء فی صلاۃ التسبیح، امام ابن خزیمہ اور حاکم نے اسے صحیح کہا ہے۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد 02 ص 350**